PONTIFICAL COUNCIL

FOR INTERRELIGIOUS DIALOGUE

مسیحی اور ہندو

نوجوان نسل کو سفیرانِ امن بنانے کا عزم

جشنِ دیوالی کی تقریب کے لئے پیغام

2012

Vatican City

ہندو دھرم کے پیارے دوستو،

1۔ پاپائی کونسل برائے بین المذاہب مکالمہ کی طرف سے اِس دیوالی کے موقع پر دلی گرمجوشی کے ساتھ مبارکباد۔ بھائی چارہ اور باہمی اتحاد آپکے خاندانوں اور برادریوں میں ہمیشہ قائم رہے۔

2۔ انسانی تاریخ کے اس نازک موڑ پر جبکہ بہت سی منفی قوتیں دنیا بھر میں فروغِ امن کے لئے کی جانے والی جدوجہد کے لئے خطرات کا باعث بنی ہوئی ہیں ہم اس خوبصورت روائت کو برقرار رکھتے ہوئے آپ کے ساتھ اس اہم ذمہ داری کو اجاگر کرنا چاہتے ہیں جو مسیحی، ہندو اور دیگر مذاہب کی نوجوان نسل کے کاندھوں پر ہے اور وہ ہر ممکن اقدام کے ذریعہ تمام لوگوں اور خصوصاً نوجوان نسل کو سفیرانِ امن بنانے کے لئے سرگرمِ عمل ہیں۔

3۔ پاپائے اعظم بینا ڈِکٹ شانزدہم کا فرمان ہے کہ "جنگ کا وقوع پذیر نہ ہونا اس بات کی علامت نہیں ہے کہ امن دنیا میں موجود ہے اور نہ ہی کوئی معاہدہ یا حلف نامہ پُر امن زندگی ضمانت دے سکتا ہے۔ مکمل اور دیرپا امن کے ساتھ ساتھ محبت کا ثمر بھی صرف باہمی اتحاد اور یکجہتی کی بحالی ہی سے حاصل ہوسکتا ہے۔" ہم تمام والدین، اساتذہ، بُزرگان، مذہبی اور سیاسی رہنما، رضا کارانِ امن، ذرائع ابلاغ سے تعلق رکھنے والے افراد اور ان کے ساتھ وہ تمام افراد جو فروغِ امن کیلئے دلی طور پر آمادہ ہیں، کو آگے آنے کی دعوت دیتے ہیں تاکہ وہ نوجوان نسل کو فروغِ امن کی تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ اس عمل کو تیز تر کرنے کی جدوجہد کو جاری رکھیں۔

4۔ نوجوان افراد (مرد و زن) کو امن کے معمار بنانے اور مشترکہ جدوجہد پر عمل پیرا ہونے کی بُلاہٹ دورِ حاضرہ کی فوری ضرورت ہے۔ تقدس مآب پوپ جان تیئسویں کے فرمان کے مطابق دیرپا اور یقینی امن سچائی، انصاف اور آزادی کی بنیادوں پر ہی قائم ہوسکتا ہے اسلئے تمام نوجوان خواتین و حضرات کو اس بات کی تعلیم دینے کی ضرورت ہے کہ وہ سچائی اور انصاف کی اقدار پر عمل پیرا ہو کر محبت اور آزادی کا پرچار کریں۔ مزید برآں امن کی تعلیم میں ثقافتی اقدار کو ایک تفریق یا خطرہ کے طور پر نہیں بلکہ ایک قیمتی موضوع کے طور پر سمجھا اور شامل کیا جانا چاہئے۔

5۔ امن کی تعلیم کے لئے خاندان سب سے پہلی درسگاہ اور والدین مرکزی اساتذہ ہوتے ہیں۔ اُن کے مشاہدات، تجربات اور تعلیمات بچوں کے لئے پُر امن زندگی بسر کرنے کے لئے قیمتی اثاثہ ہونے کے مترادف ہوتے ہیں۔ باہمی اعتماد، احترام، ذہنی ہم آہنگی، دوسروں کی باتوں کو سُننا اور اپنی معلومات کو بانٹنا، دوسروں کا خیال رکھنا، معافی کی قدر کو فروغ دینا، دوسرے مذاہب اور دوسری ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ مل کر کام کرنا، بچوں اور نوجوانوں کو ان تمام اقدار کی تعلیم دینا سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹی کے اساتذہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ اچھے مقاصد کی تعلیم

دینا اُن کے تعلیمی نصاب کا ایک حصہ ہے۔ یہ تعلیم انسانیت کے پیدائشی احترام کی ضمانت دینے کے ساتھ ساتھ بھائی چارے، انصاف، امن، تعاون اور انسانی ترقی کے تقاضوں کو بھی پورا کرتی ہے۔ روحانی اور اخلاقی اقدار کے سنگِ بنیاد پر دی جانے والی تعلیم اُن کے شاگردوں کی اخلاقی زندگی کا خاصہ بن جاتی ہے اور اُنہیں ایسے نظریات سے بھی دُور رکھتی ہے جو معاشرتی اور طبقاتی تفریق یا تقسیم کا باعث ہوتے ہیں۔

جبکہ معاشرتی، سیاسی اور ثقافتی شعبہ جات میں حکومتی اور انفرادی قیادت عمومی طور پر اپنی نوجوان نسل کی مذہبی تعلیم کو موثر بنانے کیلئے اہم کردار ادا کرتی ہے، اس میں خاص طور پر اُنکی روحانی اور اخلاقی تعلیمات پر دھیان دیا جاتا ہے تاکہ وہ زندگی کے ان شعبہ جات میں ترقی کریں اور امن کے سفیر بن کر اپنی قوم کی قیادت کریں۔ اس سلسلہ میں مواصلات کے تمام ذرائع اُن کی سوچ کے مطابق اُن کی راہوں کو متعین کرنے اور عمل پیرا ہونے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

6۔ یقناً، کاملیت کا جو پیغام ہم تک امن کے ذریعہ پہنچتا ہے وہ ایک مزید دوستانہ دنیا کا نمونہ پیش کرتا ہے اور لوگوں کے درمیان نئی دوستی کو فروغ دیتا ہے جس میں ایک دوسرے کے لئے عظیم جذبات کا مشترکہ احساس موجود ہوتا ہے۔ (دورۂ لبنان کے دوران سرکاری اداروں، سفارتکاروں، مذہبی اور ثقافتی اداروں کے ساتھ 12 ستمبر 2012 کو منعقد ہونے والے ایک اجلاس کے دوران تقدس مآب پاپائے اعظم پوپ بینا ڈکٹ شانز دہم کا فرمان)۔

7۔ ہمیں چاہیئے کہ نوجوانوں کو قائل کرنے کے لئے ہم ہمیشہ اور ہر جگہ اخلاقی اور مذہبی اقدار پر کاربندر ہیں اس لئے کہ وہ سفیرانِ امن بننے کے لئے جدوجہد کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

ہم سب کی طرف سے دیوالی کے مبارک موقع پر نیک خواہشات کے ساتھ،

Jean Louis Card. Tauran

کارڈینل جین لوئس توران

صدر

P. Miguel Ayuso Guixot

میگل اینجل آئسو گیزوٹ (ایم سی سی آئی)

سیکریٹری

PONTIFICAL COUNCIL FOR INTERRELIGIOUS DIALOGUE

00120 Vatican City

Tel: +39.06.6988 4321 / 06.6988 3648

Fax: +39.06.6988 4494

http://www.vatican.va/roman_curia/pontifical_councils/interelg/index.htm

E-mail: dialogo@interrel.va